بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
شعبہ نشرواشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ
36۔کے‘ ماڈل ٹاؤن لاہور‘ فون: 042-35869501‘ ای میل: media@tanzeem.org

14 اکتوبر 2024ء

پریس ریلیز

ڈاکٹر ذاکر نائیک کا دورۂ قرآن اکیڈمی لاہور۔

لاہور (پ ر): معروف اسلامی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک نے اپنے فرزند فارق نائیک کے ہمراہ قرآن اکیڈمی لاہور کا دورہ کیا۔ بانیٔ تنظیم اسلامی اور صدر مؤسس مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور، ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے صاحبزادوں اور تنظیم اسلامی و انجمن خدام القرآن لاہور کے مرکزی ذمہ داران نے انہیں خوش آمدید کہا۔ حاضرین کی بڑی تعداد ڈاکٹر ذاکر نائیک سے ملاقات کی مشتاق تھی۔ مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی لاہور میں نمازِ ظہر کی ادائیگی کے بعد ڈاکٹر ذاکر نائیک نے خصوصی خطاب میں اپنی ذاتی اور دعوتی زندگی کے مختلف گوشوں کے حوالے سے گفتگو کی۔ اُنہوں نے کہا کہ 1991ء میں بھارت سے پاکستان آمد پر اِسی قرآن اکیڈمی لاہور میں ڈاکٹر اسرار احمدؒ سے ملاقات ہوئی تھی اور انہی کی نصیحت پر عمل کرتے ہوئے انہوں نے میڈیکل پریکٹس چھوڑ کر اپنا کُل وقت دعوتِ دین کے لیے مختص کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ آج قرآن اکیڈمی لاہور دوبارہ آمد پر اُن کی کمی محسوس ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ انجمن خدام القرآن اور تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے لگائے ہوئے پودے ہیں جو قرآن پاک کے پیغام کو عام کرنے اور شریعتِ اسلامی کو عملاً قائم اور نافذ کرنے کی جدوجہد کے حوالے سے اہم دینی ذمہ داری ادا کر رہے ہیں۔ تنظیم اسلامی اور مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے ذمہ داران نے ڈاکٹر ذاکر نائیک کو اُن کے مشن میں ہر ممکن تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔

جاری کردہ
رضاء الحق
نائب ناظم نشرواشاعت